VALG

ان کیلئے اہم معلومات جو ووٹ دینا چاہتے ہیں۔

# پارلیمانی انتخابات اور سامی اسمبلی انتخابات ۲۰۰۹



انتخابات کا دن ۱۴ ستمبر ۲۰۰۹ ہے۔
ووٹ دینے سے پہلے شناخت کا ثبوت دکھانا ضروری ہے۔

KOMMUNAL- OG REGIONALDEPARTEMENTET

# پارلیمانی انتخاب اور سامی اسمبلی انتخابات ۲۰۰۹

**سٹورٹنگ** یا پارلیمنٹ، ناروے کی جمہوری طور پر منتخب شدہ قومی اسمبلی ہے۔ ۱۶۹ نمائندگان کو چار سال کے عرصہ کیلئے منتخب کیا جاتا ہے۔ ان کا فرض تمام تر، ناروے کی ۱۹ کاؤنٹیز کے مطابق، ۱۹ حلقۂ انتخاب کی آبادی کی نمائندگی کرنا ہے پارلیمنٹ کی اہم ترین سرگرمیاں قوانین پاس کرنا، ملکی بجٹ کی ترتیب اور حکومتی امور چلانا ہیں۔

**سامیٹنگ**، یا سامی اسمبلی، ایک آزاد، جمہوری طور پر منتخب شدہ ادارہ ہے جو ناروے کے سامی ملکی افراد کی نمائندگی کے طور پر کام کرتا ہے۔ 39 نمائندگان کو چار سال کے عرصہ کیلئے منتخب کیا جاتا ہے۔ ان کا فرض پورے ناروے میں سامی عوام کی نمائندگی کرنا ہے۔ سامی اسمبلی مرکزی حکومت کے تیار کردہ ڈھانچے میں اپنے ذاتی بجٹ کا انتظام کرتی ہے۔ سامی اسمبلی اس کے احاطے میں شامل علاقوں میں فیصلہ کن اتھارٹی کے طور پر کام کرتی ہے۔

اپنا ووٹ دینے کا حق استعمال کریں اور فیصلہ کریں کہ اگلے چار سال کیلئے پارلیمنٹ اور سامی اسمبلی میں آپ کی نمائندگی کون کرے گا۔ **اپنا ووٹ استعمال کریں!**

اس بروشر میں ووٹ دینے والے خواہشمند حضرات کیلئے عملی معلومات شامل ہیں۔

**انتخابات کا دن پیر ۱۴ ستمبر ۲۰۰۹ ہے۔** بہت سی مقامی اتھارٹیاں اتوار ۱۳ ستمبر کو بھی ووٹ ڈالنے کی اجازت دے رہی ہیں۔

**اس سے پہلے کہ آپ ووٹ دیں شناخت کا ثبوت دکھانا ضروری ہے!** الیکشن ایکٹ کے تحت لازمی ہے کہ ہر وہ شخص شناخت کا ثبوت فراہم کرے جسے ریٹرننگ افسر نہ جانتا ہو۔ شناخت جائز پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس یا بینک کارڈ جس میں تصویر ہو، کے ذریعے کی جا سکتی ہے، اس کے علاوہ دوسری قسم کے شناختی ثبوت بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ دکھائے جانے والے شناختی ثبوت میں انتخاب کُنندہ کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر ہونا ضروری ہے۔

انتخاب کُنندہ جو کسی ایسے ادارے میں ہو جیسے نرسنگ ہوم یا ہسپتال، یا جو زیر حراست ہوں، ان کی شناخت کی تصدیق ادارے کے عملے کے ذریعے ہو سکتی ہے۔

**تمام رجسٹرڈ شدہ انتخاب کُنندگان ایک رائے دہی کارڈ حاصل کریں گے۔** رائے دہی کارڈ میں تفصیل ہو گی کہ انتخاب کے دن کہاں اور کیسے ووٹ دینا ہے۔ ووٹ ڈالنے کیلئے رائے دہی کارڈ کا ہونا لازمی نہیں، لیکن آپ کے پاس اس کے ہونے سے وقت کی بچت ہو گی۔ رائے دہی کارڈ شناختی ثبوت کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا۔

انتخاب کنندہ جو پارلیمانی انتخاب اور سامی اسمبلی دونوں میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہوں انہیں دو رائے دہی کارڈ دیے جائیں گے۔

# پارلیمانی انتخابات

## کون ووٹ دے سکتا ہے؟

ناروے کے شہری جو ۱۸ سال سے زیادہ عمر ، یا جو انتخاب کے سال ۱۸ سال کے ہوں، ہوں گے، وہ ناروے کے پارلیمانی انتخابات کیلئے ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ انتخاب کنندہ کیلئے ضروری ہے کہ وہ ناروے میں رہائشی کے طور پر رجسٹڑ ہو یا ہوا ہو۔

## آپ کیسے اور کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں؟

**انتخابات کے دن**

لازمی ہے کہ آپ اپنا ووٹ میونسپل اتھارٹی کے علاقے میں ڈالیں جہاں آپ رہائشی کے طور پر رجسٹڑ ہیں۔ یہ میونسپل اتھارٹی کا وہ علاقہ ہے جہاں ووٹر رہائشی کے طور پر ۳۰ جون ۲۰۰۹ کو ناروے کے قومی رجسٹڑ برائے آبادی میں رجسٹڑ ہوا تھا۔ آپ اپنا ووٹ میونسپل اتھارٹی کے علاقے کے اندر کسی بھی پولنگ اسٹیشن پر ڈال سکتے ہیں۔ اگلے صفحے پر دی گئی تصاویر دکھاتی ہیں کہ انتخابات کے دن بیلٹ پیپر کیسے مکمل کرنا ہے۔

**پیشگی ووٹ**

کسی بھی میونسپل اتھارٹی کے علاقے میں جمعہ ۱۱ ستمبر ۲۰۰۹ تک ڈالے جا سکتے ہیں۔ پیشگی ووٹ ڈالنے کا طریقۂ کار انتخاب کے دن ووٹ ڈالنے سے مختلف ہے۔


پیشگی ووٹ ڈالنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

1) آپ کو ریٹرننگ افسر کے سامنے پیش ہونا ہوگا جو آپ کو بیلٹ پیپر لفافہ فراہم کرے گا اور آپ کو پولنگ بوتھ یا الگ کمرے کا راستہ دکھائے گا۔
2) مناسب بیلٹ پیپر لیں اور جو بھی تبدیلی کرنا چاہیں اس کی نشاندہی کریں۔
3) اگر آپ اپنا ووٹ کسی ایسے حلقۂ انتخاب سے ڈال رہے ہیں جہاں آپ رہائشی کے طور پر رجسٹڑ نہیں تو آپ کو بیلٹ پیپر لفافے کے ساتھ ایک خصوصی بیلٹ پیپر فراہم کیا جائے گا۔ بیلٹ پیپر میں امیدواروں کے ناموں کے بغیر رجسٹڑ شدہ سیاسی پارٹیوں کے ناموں کی فہرست ہوتی ہے۔ ایک 'X' کے ساتھ نشان لگائیں یا پارٹی/گروپ جسے آپ ووٹ دینا چاہتے ہیں کا نام لکھیں۔ اگر آپ کوئی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو بھی آپ اپنے حلقۂ انتخاب سے بیلٹ پیپر لے سکتے اور استعمال کر سکتے ہیں۔
4) بیلٹ پیپر کو بیلٹ پیپر لفافے میں رکھیں۔
5) اسے ریٹرننگ افسر کو واپس دیں، جو آپ کی موجودگی میں، بیلٹ پیپر لفافہ اور آپ کے رائے دہی کارڈ کو ایک ڈھکے لفافے میں ڈال کر اسے مہر کر کے بیلٹ باکس میں ڈال دے گا۔ آپ کا ووٹ شمار ہونے کیلئے آپ کے میونسپل اتھارٹی علاقے میں بھیج دیا جائے گا۔


اگر آپ بیمار یا معذور ہیں تو آپ مقامی اتھارٹیوں سے گھر پر ووٹ ڈالنے کیلئے درخواست کر سکتے ہیں۔

میونسپل اتھارٹیاں آپ کو اطلاع کریں گی کہ آپ کب اور کیسے ووٹ دے سکتے ہیں۔


## آپ انتخابات کے دن کیسے ووٹ دیں گے؟




۱) مناسب بیلٹ پیپر کا انتخاب کریں۔




۲) بیلٹ پیپر پر کسی بھی تبدیلی کیلئے نشان دہی کریں (اگلے صفحے پر ہدایات دیکھیں)۔



۳) بیلٹ پیپر کو اس طرح تہہ کریں کہ سیاسی پارٹیوں کے نام اندر کی طرف ہوں اور مہر کا قطعہ باہر کی طرف - اس طرح، کوئی بھی یہ نہیں دیکھ سکتا کہ آپ نے کس کو ووٹ دیا ہے۔ بیلٹ پیپر کسی لفافے یا دوسرے ملفوف میں نہیں ڈالنا چاہیے۔



۴) بیلٹ پیپر ریٹرننگ افسر کو دیں تاکہ وہ اس کے بیرونی حصہ پر مہر لگائے۔ صرف وہ بیلٹ پیپر قبول ہوں گے جن پر مہر لگی ہو!




۵) مہر شدہ بیلٹ پیپر کو بیلٹ باکس میں ڈالیں۔

## آپ بیلٹ پیپر پر تبدیلی کی نشاندہی کیسے کریں گے؟

یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ بیلٹ پیپر پر تبدیلی کرنا چاہتے ہیں یا نہیں! اگر آپ کسی تبدیلی کی نشاندہی نہیں کرتے تو آپ کا ووٹ ان امیدواروں کیلئے اسی ترتیب میں شمار کیا جائے گاجس طرح بیلٹ پیپر پر فہرست کیا گیا ہے۔

**بیلٹ پیپر پر تبدیلی کی نشاندہی کیسے کرنی ہے:**




*فہرست میں امیدواروں کی ترتیب میں تبدیلی۔*
اپنی ترتیبی ترجیح کی واضح طور پر نشاندہی کیلئے امیدوار (امیدواروں) کے نام (ناموں) کے **بائیں** جانب باکس میں ایک (نیا) نمبر داخل کریں۔




*فہرست سے امیدواروں کا حذف۔*
امیدوار (امیدواروں) جنہیں آپ فہرست سے حذف کرنا چاہتے ہیں کے نام (ناموں) کے **دائیں** جانب باکس میں کراس یا ٹک کریں۔

تبدیلی کرنے کے بارے میں متذبذب نہ ہوں۔ یہ کام کرنے کیلئے طریقۂ کار بیلٹ پیپر پرموجود ہے۔ آپ کا ووٹ مسترد نہیں ہو گا چاہے آپ نے کوئی غلطی کی ہو!

## کون منتخب ہوتا ہے؟

پارلیمانی نشستیں حلقۂ انتخاب کی سطح پر پارٹیوں اور جماعتوں کے درمیان ہر ایک کے شمار کردہ ووٹوں کی تعداد پر الاٹ ہوتی ہیں۔

اگر حلقۂ انتخاب کے انتخاب کنندگان کی آدھی سے زیادہ تعداد نے کسی پارٹی یا جماعت کے ایک ہی امیدوار کی تبدیلی کیلئے نشاندہی کی ہے تو یہ فیصلہ کیلئے اہم ہو سکتا ہے کہ پارلیمنٹ کے منتخب امیدوار کون ہوں گے۔ دوسری صورت میں امیدوار اسی ترتیب میں منتخب ہوں گے جس میں انہیں بیلٹ پیپر پر فہرست کیا گیا ہے۔

مزید معلومات www.valg.no پر دستیاب ہیں۔
آپ کے انتخابات اچھے گزریں!

# سامی اسمبلی انتخابات

ہر ایک جو مقامی کونسل کے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا اہل ہے اور جو سامی انتخابی رجسٹر میں درج ہے وہ سامی اسمبلی کے انتخاب میں ووٹ ڈالنے کا اہل ہے۔ سامی انتخابی رجسٹر میں درج ہونے کی آخری تاریخ ۳۰ جون ۲۰۰۹ ہے۔ وہ جو پارلیمانی اور سامی اسمبلی دونوں میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، دونوں انتخابات میں اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

وہ جو رہائشی کے طور پر ایسی میونسپل اتھارٹی کے علاقہ میں رجسٹر ہیں جہاں گزشتہ سامی اسمبلی انتخابات میں ۳۰ رہائشیوں سے کم ووٹ دینے کے اہل تھے، وہ انتخابات کے دن اپنا بیلٹ پیپر ڈالنے کے اہل نہیں ہوں گے۔ باوجود اس کے کہ، ووٹ کا حق پیشگی ووٹ ڈال کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سامی اسمبلی ویب سائٹوں پر یہ تفصیل موجود ہے کہ کون سی میونسپل اتھارٹی کے علاقہ میں یہ لاگو ہوتا ہے۔

انتخاب کنندگان بیلٹ پیپر پر امیدواروں کی ترتیب میں تبدیلی کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ انتخاب کنندگان امیدواروں کو حذف نہیں کر سکتے۔

سامی اسمبلی، انتخابات برائے سامی اسمبلی کی معلومات ہر ایک کو، جو سامی انتخابی رجسٹر میں درج ہے، بھیجتي ہے



مزید معلومات www.valg.no اور www.sametinget.no پر دستیاب ہیں۔

آپ کے انتخابات اچھے گزریں!

وزارت برائے مقامی حکومت اور صوبائی ترقی کی جانب سے شائع کردہ اگست ۲۰۰۹ ۔

اس اشاعت کا ترجمہ آٹھ زبانوں میں کیا گیا ہے، تمام www.valg.no پر دستیاب ہیں۔

اشاعت نمبر: H-2229 Urdu